امریکی محکمہ انصاف کی کمیونٹی ریلیشنز سروس (سی آر ایس)

# مسلم، عرب، سکھ،
## اور ہندو برادریوں کے ساتھ کام کرنا

تنازعات میں ثالثی کرکے اور کمیونٹی کی صلاحیت میں اضافہ کرکے آزادانہ طور پر مستقبل کے تنازعات کو روکنے اور حل کرنے کے لئے سی آر ایس تنازعات کا سامنا کرنے والی برادریوں کیلئے "امریکہ کے پیس میکر" کا کام کرتی ہے۔

1964 کے شہری حقوق ایکٹ کے عنوان X اور میتھیو شیفرڈ اور جیمز برڈ جونیئر کے تحت نفرت انگیز جرائم سے بچاؤ ایکٹ 2009 کے ذریعہ سی آر ایس نسل، رنگ ، بنیادی قومیت ، صنف ، صنفی شناخت ، جنسی رجحان ، مذہب اور معذوری کے حوالے سےکمیونٹی میں ابھرنے والے تنازعات کے حل میں مدد دیتی ہے۔ سی آر ایس کے پاس قانون نافذ کرنے یا تحقیقات کرنے کے اختیارات نہیں ہیں۔ تاہم سی آر ایس تنازعات کا شکار کمیونٹیز کے ساتھ مل کر کام کرتی ہے تاکہ باہمی تعلقات کو دوبارہ استوار کرنے، باہمی افہام و تفہیم کو فروغ دینے اور مقامی سطح پر حل تلاش کرنے کی کوششوں کی حوصلہ افزائی کی جا سکے۔

سی آر ایس کے صلح کار رضاکارانہ اور بغیر کسی قیمت کے آزادانہ طور پر ریاستی اور مقامی عہدیداروں ، برادری پر مبنی تنظیموں ، برادری اور شہری حقوق کے حمایت کرنے والے کارکنوں ، عقیدے پر مبنی گروپوں اور قانون کے نفاذ کے ساتھ براہ راست کام کرتے ہیں۔ سی آر ایس غیر جانبدار تیسرے فریق کے طور پر کام کرتا ہے ، اور اس کی خدمات مفت اور خفیہ ہیں۔

محکمہ انصاف کی کمیونٹی ریلیشنز سروس (سی آر ایس) امریکہ بھر کی برادریوں کو خدمات مہیا کرتی ہے ، جن میں مسلمان ، عرب ، سکھ ، جنوبی ایشیائی اور ہندو (MASSAH )تنظیمیں شامل ہیں تاکہ معاشرتی تنازعات اور تناؤ کو کم کرنے اور نفرت انگیز جرائم اور واقعات کو روکنے اور ان سے نمٹنے کیلئے مدد فراہم کی جا سکے۔ سی آر ایس کی طرف سے قانون نافذ کرنے والے اداروں ، حکومت اور برادری کے دیگر اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر MASSAH گروپوں کے ساتھ کام کرنے کی تاریخ بہت پرانی ہے۔

### سی آر ایس کمیونٹیز کو چار منفرد خدمات فراہم کرتی ہے: ▼

**مکالمے کا اہتمام۔** سی آر ایس فریقین کے درمیان رابطوں کی راہیں کھولنے کے لئے کمیونٹی اسٹیک ہولڈرز کے مابین مکالمے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ اکثر حل کیے جانے والے عنوانات میں مبینہ طور پر امتیازی سلوک ، پولیس - برادری کے تعلقات ، نفرت انگیز جرائم اور نفرت انگیز واقعات ، قبائلی تنازعات ، احتجاج اور مظاہرے اور کمیونٹی کے ممبروں کے لئے دیگر اہم امور شامل ہیں۔

**تربیت۔** سی آر ایس کے تربیتی پروگرام ریاستی اور مقامی سرکاری ایجنسیوں ، مذہب پر مبنی تنظیموں ، قانون نافذ کرنے والے اداروں ، وکالت کرنے والے گروپوں ، اور دوسرے گروہوں کے نمائندوں کو اکٹھا کرتے ہیں تاکہ مشترکہ تفہیم کو فروغ دیا جاسکے اور معاشرتی تنازعات کو کم کرنے کے لئے باہمی تعاون کے انداز کار کی نشاندہی کی جاسکے۔

**ثالثی۔** سی آر ایس ثالثی کی خدمات فراہم کرتی ہے تاکہ شراکت داروں کے مابین روبرو مذاکرات کے ذریعے برادریوں کو تنازعات اور تناؤ کو دور کرنے میں مدد دے سکے۔ ثالثی کا مقصد برادری کے ممبروں کے مابین معاہدے طے کرنا ہے جو اعتماد میں اضافہ کرتے ہیں ، برادری کی شراکت داری کو بہتر بناتے ہیں اور مستقبل میں ہونے والے تنازعات کو روکنے اور ان سے نمٹنے کیلئے مقامی صلاحیت بڑھاتے ہیں۔

**مشاورت۔** کمیونٹیز تنازعات سے زیادہ موثر انداز میں نمٹنے میں مدد کیلئے سی آر ایس مشاورت کی خدمات پیش کرتی ہے۔ ان خدمات میں انسانی تعلقات کمیشن کے قیام میں تکنیکی مدد؛ متنوع برادریوں سے رابطہ کاری کے بہترین طریقے؛ اور باہمی رابطوں، تنازعات کے حل اور مشترکہ طور پر مسائل کے حل جیسے موضوعات پر کوچنگ شامل ہے۔

## سی آر ایس MASSAH برادریوں کی مدد کرتی ہے:

سی آر ایس تنازعات ، تناؤ ، نفرت انگیز جرائم اور نفرت انگیز واقعات کی روک تھام اور ان سے نمٹنے کیلئے MASSAH برادریوں کے ساتھ مل کر کام کرنے کی پابند ہے۔ مالی سال 2017 میں MASSAH کمیونٹیز کے لئے سی آر ایس کے قومی پروگرام منیجر نے امریکہ کے مشرقی صاحلی علاقے (نیو یارک اور پنسلوانیا) سے لے کر مڈویسٹ (آئیووا ، نیبراسکا ، کنساس ، اور جنوبی ڈکوٹا) اور مغربی ساحلی علاقے (واشنگٹن اور اوریگون) تک ملک بھر میں نفرت انگیز جرائم کے فورمز کی سہولت فراہم کی۔


## MASSAH برادریوں میں سی آر ایس کے چار پروگرام بڑے پیمانے پر اپنائے گئے ہیں:

**مسلمان امریکیوں اور سکھ امریکیوں کے ساتھ شراکت داری اور رابطہ کاری۔** سی آر ایس مسلمان امریکی اور سکھ امریکی کمیونٹیز کے بارے میں آگاہی کے پروگرام پیش کرتا ہے جس کا مقصد قانون نافذ کرنے والے اداروں اور سرکاری اہلکاروں کو مسلم اور سکھ برادریوں کے ساتھ کامیاب باہمی رابطوں کے بہترین طریقوں سے واقف کرانا ہے۔ مقامی اہلکاروں اور مسلمان اور سکھ برادریوں کے درمیان تعلقات کو فروغ دینے کیلئے تربیت بھی فراہم کی جا سکتی ہے جن کیلئے وہ خدمات انجام دیتے ہیں۔

**تعصب کے واقعات اور نفرت پر مبنی جرائم۔** یہ آدھے دن کا فورم کمیونٹی کے ممبروں اور قانون نافذ کرنے والے افراد کو میتھیو شیپارڈ اور جیمز بارڈ جونیئر ہیٹ کرائمز روک تھام کے ایکٹ ، نیز ریاست اور مقامی تعصب کے واقعات اور نفرت انگیز جرائم کے قوانین سے متعلق معلومات فراہم کرتا ہے۔ یہ پروگرام مقامی قانون نافذ کرنے والے اداروں اور ضلعی وکیلوں کے علاوہ وفاقی قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ تعصب کے واقعات اور نفرت انگیز جرائم کا مقابلہ کرنے اور ان سے نمٹنے کے طریقہ کار پر تبادلہ خیال کیلئے اکٹھا کرتا ہے۔ سی آر ایس کمیونٹی گروپوں اور وفاقی ، ریاست اور / یا مقامی قانون نافذ کرنے والے اداروں یا دیگر سرکاری ایجنسیوں کے مابین تعلقات کو مستحکم کرنے کے لئے غیر رسمی کمیونٹی آگاہی فورمز اور انفارمیشن سیشن کی سہولت فراہم کرتی ہے۔

**عبادت گاہوں کے تحفظ کے فورم۔** یہ آدھے دن کا فورم عقیدے پر مبنی رہنماؤں اور اجتماعات کو مذہبی منافرت کے جرائم ، مقامی ، ریاستی اور وفاقی قانون نافذ کرنے والے خطرات کے جائزوں ، اور عبادت گاہوں کو ممکنہ نفرت انگیز جرائم اور تشدد کے دیگر خطرات سے محفوظ رکھنے کے اقدامات کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے۔ یہ پروگرام سیکیورٹی پروگرام کے نفاذ کی حوصلہ افزائی کرتا ہے ، سیکیورٹی کیلئے بہترین طریقوں کی پیش کش کرتا ہے ، نیٹ ورکنگ اور کمیونٹی کی رسائی کو فروغ دیتا ہے اور سیکیورٹی منصوبوں اور معاشرتی ردعمل جیسے وسائل مہیا کرتا ہے۔

**شہر یا اسکول کے مسائل کی نشاندہی اور مسائل کو ایک ساتھ مل کر حل کرنا (سٹی اسپریٹ اور اسکول اسپرٹ):** آٹھ گھنٹے تک جاری رہنے والا مسائل کا حل تلاش کرنے سے متعلق پروگرام مقامی حکومت کے نمائندوں، برادریوں، مذہبی تنظیموں، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور دیگر افراد کو ایک ساتھ اکٹھا کرتا ہے تاکہ اس حوالے سے کشیدگی کو ختم کرنے کی اجتماعی کوششوں کو فروغ دیا جا سکے اور ٹھوس اقدامات پر رضامندی کے ساتھ اتفاق رائے کے ذریعے ایسے عوامل پر غور کیا جا سکے جو تنازعات میں اضافے کا باعث بنتے ہیں۔




## سی آر ایس قومی سطح پر دس علاقائی دفاتر اور چار فیلڈ دفاتر سے کام کرتا ہے:

**سی آر ایس ہیڈ کوارٹرز**

واشنگٹن ڈی سی

**سی آر ایس کے مقامی دفاتر**

**نیو انگلینڈ**
باسٹن، میساچیوسٹس

**شمال مشرق**
نیویارک، نیو یارک

**وسط بحر اوقیانوس**
فلاڈیلفیا، پینسلوانیا

**جنوب مشرق**
ایٹلانٹا، جارجیا

**مڈ ویسٹ**
شکاگو، ایلی نوئے

**جنوب مغرب**
ڈیلس، ٹیکساس

**مرکزی**
کنساس سٹی، مزوری

**راکی ماؤنٹین**
ڈینور ، کولوراڈو

**مغربی**
لاس اینجلس، کیلی فورنیا

**شمال مغرب**
سئیٹل، واشنگٹن

**سی آر ایس فیلڈ آفسز**

میامی، فلوریڈا
ڈیٹرائٹ، مشی گن
ہیوستون، تگزاس
سان فرانسیسکو، کالیفرنیا

@DOJ_CRS
facebook.com/DOJCRS/

## سی آر ایس کی خدمات کے بارے میں مذید معلومات کیلئے:

2935-305-202 پر ہمیں فون کریں، ہمیں ای میل کریں: askcrs@usdoj.gov یا اس پتے پر ہم سے رابطہ کریں:
www.justice.gov/crs